روزنامہ
الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 23 ستمبر 2006ء 29 شعبان 1427 ہجری 23 تبوک 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 215

کامل کلمات کی پناہ

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ حضرت حسنؓ اور حسینؓ کے لئے یہ دعا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ ابراہیم بھی اسماعیل اور اسحاق کیلئے انہی الفاظ میں پناہ مانگتے تھے۔

میں اللہ کے کامل اور مکمل کلمات کی پناہ طلب کرتا ہوں ہر شیطان سے، ہر موذی جانور سے اور ہر ملامت کرنے والی آنکھ سے۔

(صحیح بخاری کتاب احادیث الانبیاء۔ باب واتخذاللّٰہ حدیث نمبر:3191)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جو شخص مشکل اور مصیبت کے وقت خدا سے دعا کرتا اور اس سے حل مشکلات چاہتا ہے وہ بشرطیکہ دعا کو کمال تک پہنچاوے خداتعالیٰ سے اطمینان اور حقیقی خوشحالی پاتا ہے۔ اور اگر بالفرض وہ مطلب اس کو نہ ملے تب بھی کسی اور قسم کی تسلی اور سکینت خداتعالیٰ کی طرف سے اس کو عنایت ہوتی ہے اور وہ ہرگز ہرگز نامراد نہیں رہتا۔ اور علاوہ کامیابی کے ایمانی قوت اس کی ترقی پکڑتی ہے اور یقین بڑھتا ہے۔ لیکن جو شخص دعا کے ساتھ خداتعالیٰ کی طرف مونہہ نہیں کرتا وہ ہمیشہ اندھا رہتا اور اندھا مرتا ہے۔ اور ہماری اس تقریر میں ان نادانوں کا جواب کافی طور پر ہے جو اپنی نظر خطا کار کی وجہ سے یہ اعتراض کر بیٹھتے ہیں کہ بہتیرے ایسے آدمی نظر آتے ہیں کہ باوجود اس کے کہ وہ اپنے حال اور قال سے دعا میں فنا ہوتے ہیں پھر بھی اپنے مقاصد میں نامراد رہتے اور نامراد مرتے ہیں اور بمقابل ان کے ایک اور شخص ہوتا ہے کہ نہ دعا کا قائل نہ خدا کا قائل وہ ان پر فتح پاتا ہے اور بڑی بڑی کامیابیاں اس کو حاصل ہوتی ہیں۔ سو جیسا کہ ابھی میں نے اشارہ کیا ہے اصل مطلب دعا سے اطمینان اور تسلی اور حقیقی خوشحالی کا پانا ہے۔ اور یہ ہرگز صحیح نہیں کہ ہماری حقیقی خوشحالی صرف اسی امر میں میسر آسکتی ہے جس کو ہم بذریعہ دعا چاہتے ہیں۔ بلکہ وہ خدا جو جانتا ہے کہ ہماری حقیقی خوشحالی کس امر میں ہے وہ کامل دعا کے بعد ہمیں عنایت کر دیتا ہے۔ جو شخص روح کی سچائی سے دعا کرتا ہے وہ ممکن نہیں کہ حقیقی طور پر نامراد رہ سکے۔ بلکہ وہ خوشحالی جو نہ صرف دولت سے مل سکتی ہے اور نہ حکومت سے اور نہ صحت سے بلکہ خدا کے ہاتھ میں ہے جس پیرایہ میں چاہے وہ عنایت کر سکتا ہے ہاں وہ کامل دعاؤں سے عنایت کی جاتی ہے۔ اگر خداتعالیٰ چاہتا ہے تو ایک مخلص صادق کو عین مصیبت کے وقت میں دعا کے بعد وہ لذت حاصل ہو جاتی ہے جو ایک شہنشاہ کو تخت شاہی پر حاصل نہیں ہو سکتی۔ سو اسی کا نام حقیقی مرادیابی ہے جو آخر دعا کرنے والوں کو ملتی ہے۔ اور ان کی آفات کا خاتمہ بڑی خوشحالی کے ساتھ ہوتا ہے۔ لیکن اگر اطمینان اور سچی خوشحالی حاصل نہیں ہوئی تو ہماری کامیابی بھی ہمارے لئے ایک دکھ ہے۔ سو یہ اطمینان اور روح کی سچی خوشحالی تدابیر سے ہرگز نہیں ملتی بلکہ محض دعا سے ملتی ہے۔ مگر جو لوگ خاتمہ پر نظر نہیں رکھتے وہ ایک ظاہری مرادیابی یا نامرادی کو دیکھ کر مدار فیصلہ اسی کو ٹھہرا دیتے ہیں۔ اور اصل بات یہ ہے کہ خاتمہ بالخیر ان ہی کا ہوتا ہے جو خدا سے ڈرتے اور دعا میں مشغول ہوتے ہیں۔ اور وہی بذریعہ حقیقی اور مبارک خوشحالی کے سچی مرادیابی کی دولت عظمیٰ پاتے ہیں۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 237)

تبرکات حضرت مسیح موعود

سیدنا حضرت مسیح موعود کے تمام تبرکات کو تاریخی طور پر مستند قرار دینے کیلئے اعلان ہذا کے ذریعہ ایسے احباب جماعت جن کی تحویل میں سیدنا حضرت مسیح موعود کا کوئی تبرک ہے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ خلیفہ وقت کی قائم فرمودہ تبرکات کمیٹی کو درج ذیل ایڈریس پر اطلاع بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ اطلاع آنے پر ان احباب کی خدمت میں ایک فارم بھجوایا جائے گا جسے پر کر کے وہ کمیٹی کو واپس بھجوائیں گے۔ اس صورت میں کمیٹی ان تبرکات کا اندراج اپنے ریکارڈ میں محفوظ کر سکے گی۔

(سیکرٹری تبرکات کمیٹی دفتر نظارت تعلیم
ٹیلی فون: 0092-47-6212473)

فوری ضرورت کیمسٹری ٹیچر

نظارت تعلیم کو اپنے ادارے مریم گرلز ہائی سکول ربوہ کیلئے ایک کیمسٹری ٹیچر کی فوری ضرورت ہے جو احمدی خواتین خدمت کے جذبہ کے ساتھ مستقل بنیادوں پر بطور ٹیچر کام کرنا چاہتی ہوں وہ مکرم صدر صاحب محلّہ / مکرم امیر صاحب جماعت سے مصدقہ درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ جلد از جلد نظارت تعلیم میں پہنچا دیں۔

درخواست دینے کی اہلیت:۔
ایم ایس سی (کیمسٹری) یا بی ایس ایڈ (کیمسٹری)

(ناظر تعلیم)

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں کوالیفائیڈ نرسز کی ضرورت

ایسے تمام احمدی کوالیفائیڈ نرسز جو بین الاقوامی معیار کے ادارے میں کام کرنے کی اہلیت اور جذبہ رکھتے ہوں اپنے آپ کو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں خدمت کرنے کیلئے پیش کر سکتے ہیں۔ درخواست گزار کا پاکستان نرسنگ کونسل سے رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ آرمی گریڈ-1 سے ریٹائرڈ نرسز بھی درخواست دے سکتے ہیں اسپیشلائزڈ (CCU-ICU) انچارج نرس کو سپیشل گریڈ دیا جا سکتا ہے۔ درخواستیں امیر صاحب یا صدر جماعت کی تصدیق کے ساتھ بھجوائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

پیر 25 ستمبر 2006ء

12-25 am	لقاء مع العرب
1-25 am	جماعتی خبریں
2-00 am	درس القرآن
3-30 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-30 am	درس القرآن
8-00 am	خطبہ جمعہ
9-10 am	تلاوت
9-35 am	سیرت النبیؐ
10-30 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-40 pm	بستان وقف نو
2-40 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	درس القرآن
5-20 pm	درس حدیث
5-55 pm	خبریں
6-30 pm	بنگلہ سروس
7-30 pm	خطبہ جمعہ
8-25 pm	سیرت النبیؐ
9-00 pm	تلاوت
11-30 pm	عربی سروس

منگل 26 ستمبر 2006ء

12-20 am	لقاء مع العرب
1-30 am	خبریں
2-05 am	درس القرآن
3-15 am	سیرت النبیؐ
4-00 am	تلاوت
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-35 am	درس القرآن
8-00 am	درس حدیث
8-20 am	سیرت النبیؐ
8-50 am	طب وصحت
9-40 am	فرنچ پروگرام
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-35 pm	گلشن وقف نو
2-45 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	درس القرآن
5-30 pm	درس حدیث
6-00 pm	نیوز ریویوز
6-30 pm	بنگلہ سروس
7-30 pm	سیرت النبیؐ
8-00 pm	خطاب جلسہ سالانہ
9-00 pm	تلاوت
11-10 pm	عربی سیکھئے

بدھ 27 ستمبر 2006ء

1-30 am	نیوز ریویوز
2-00 am	درس القرآن
3-45 am	عربی سیکھئے
4-05 am	تلاوت
5-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-35 am	درس القرآن
8-05 am	تلاوت
8-20 am	درس حدیث
8-50 am	سیرت النبیؐ
9-30 am	خطاب حضور انور جلسہ سالانہ
10-40 am	عربی سیکھئے
11-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-30 pm	چلڈرن کلاس
2-45 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	درس القرآن
6-00 pm	خبریں
6-30 pm	بنگلہ سروس
7-30 pm	خطبہ جمعہ
7-50 pm	سیمینار "سائنس ان ہولی قرآن"
8-40 pm	سیرت النبیؐ
9-20 pm	تلاوت
11-00 pm	آسٹریلین ڈاکومنٹری

جمعرات 28 ستمبر 2006ء

12-20 am	لقاء مع العرب
1-35 am	خبریں
2-00 am	درس القرآن
4-30 am	تلاوت
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-30 am	درس القرآن
8-20 am	تلاوت
8-30 am	درس حدیث
8-45 am	سیرت النبیؐ
9-40 am	خطبہ جمعہ
10-40 am	تقریر جلسہ سالانہ
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-30 pm	گلشن وقف نو
2-45 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	درس القرآن
5-35 pm	درس حدیث
5-55 pm	نیوز ریویوز
6-30 pm	بنگلہ سروس
7-30 pm	دورہ حضور انور
8-30 pm	مشاعرہ
9-10 pm	تلاوت
10-55 pm	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
11-30 pm	عربی سروس

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

مجلس افتاء کی طرف سے قرارداد تعزیت بروفات
حضرت مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ

مجلس افتاء سلسلہ کے جید عالم اور دیرینہ خادم حضرت مرزا عبدالحق صاحب کے سانحہ ارتحال پر اپنے دلی جذبات رنج وغم کا اظہار کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مرحوم کو آغاز جوانی سے وفات تک بے لوث، ان تھک اور گراں قدر خدمت سلسلہ کی توفیق نصیب ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی جناب سے بے پایاں اجر سے نوازے۔ آپ کے پسماندگان کو آپ کی خوبیوں کا وارث بنائے اور جماعت کو آئندہ بھی ایسے بے لوث خادم عطا فرماتا چلا جائے۔ آمین

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جب 1952ء میں مجلس افتاء قائم فرمائی تو اس کے ابتدائی ممبران میں آپ کو شامل فرمایا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 8 جولائی 1993ء کو مجلس افتاء کا صدر مقرر فرمایا اور تاوفات صدر مجلس افتاء کے طور پر خدمت کی توفیق پاتے رہے آپ کی صدارت اور راہنمائی میں مجلس افتاء کو متعدد اہم مسائل پر تحقیق کی توفیق ملی جسے حسب موقع سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں پیش کیا جاتا رہا۔

آپ کی گراں قدر خوبیوں میں سے یہ بھی ایک خاصیت تھی کہ آپ اجلاسات کی کارروائی کے دوران ہر ممبر کو آزادانہ طور پر اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیتے اور بڑے تحمل سے سب کی آراء سنتے اور پھر ان کی مناسب راہنمائی فرماتے تھے۔

1976ء میں تدوین فقہ کمیٹی کا قیام عمل میں آیا اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے آپ کو اس کمیٹی کا صدر مقرر فرمایا۔ وفات سے چند ماہ قبل تک آپ ہی اس کمیٹی کے صدر تھے۔ آپ کے دور صدارت میں فقہ احمدیہ کی دو جلدیں تیار ہو کر شائع ہو چکی ہیں۔

ہم اراکین مجلس افتاء سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ اور حضرت مرزا عبدالحق صاحب کے پسماندگان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آمین

(شیخ مظفر احمد ظفر۔ نائب صدر مجلس افتاء)

کھیل اور ورزش ذہن وجسم کیلئے مفید ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم حافظ مبارک احمد صاحب ثانی پرنسپل مدرسۃ الحفظ اطلاع دیتے ہیں کہ ان کے دادا جان مکرم چوہدری محمد علی صاحب ولد مکرم چوہدری غلام محمد صاحب ساکن ناصر آباد اسٹیٹ سندھ مورخہ 19 ستمبر 2006ء کو بعمر 86 سال بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مورخہ 20 ستمبر بعد از نماز عصر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے بیت المبارک میں نماز جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے موقعہ پر مکرم مغفور احمد صاحب منیب نائب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے دعا کروائی۔ مرحوم مکرم مبارک احمد صاحب بھٹی مربی سلسلہ اور مکرم عزیز احمد صاحب بھٹی مینیجر ناصر آباد اسٹیٹ کے والد تھے۔ مرحوم نے لمبا عرصہ بطور منشی مینیجر ناصر آباد اسٹیٹ سندھ میں خدمات سرانجام دیں فرقان فورس میں بھی خدمت کی توفیق ملی۔ احباب جماعت سے مرحوم کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

نکاح

مکرم محمد زکریا ورک صاحب کنگسٹن کینیڈا تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم عدنان ورک صاحب ٹیلی ویژن سپورٹس جرنلسٹ ٹورانٹو کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ ایمن چوہدری صاحبہ دختر مکرم چوہدری مبشر احمد صاحب سان ہوزے امریکہ، جلسہ سالانہ امریکہ کے موقع پر 2 ستمبر 2006ء کو بمقام ورجینیا مکرم داؤد حنیف صاحب، نائب امیر جماعت احمدیہ امریکہ نے کیا۔ مکرم عدنان ورک صاحب مکرم کیپٹن محمد حسین صاحب چیمہ مرحوم لندن کے نواسے اور مکرمہ ایمن صاحبہ مکرم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ صاحب مرحوم ربوہ کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت کرے۔

درخواست دعا

مکرم سعید احمد بٹ صاحب صدر جماعت احمدیہ مانانوالہ 203 ر۔ب ضلع فیصل آباد لکھتے ہیں۔ کہ مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب سیکرٹری تحریک جدید 194 ر۔ب لاٹھیانوالہ ضلع فیصل آباد مورخہ 13 ستمبر 2006ء کو ریڑھی سے گر گئے جس کی وجہ سے حرام مغز اور گردن کے پٹھے بری طرح متاثر ہوئے۔ حالت بہت نازک ہے فوری طور پر اللہ رکھی ہسپتال فیصل آباد میں داخل کروایا گیا۔ احباب جماعت سے دردمندانہ درخواست دعا ہے۔ کہ مولا کریم ان کو جلد شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں

واقفین زندگی کا مقام اوران کو زریں نصائح

مرسلہ: مکرم راجہ منیر احمد خان صاحب

اللہ تعالیٰ کی راہ میں زندگی وقف کریں

انسان کو ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی زندگی کو وقف کرے۔ میں نے بعض اخبارات میں پڑھا ہے کہ فلاں آریہ نے اپنی زندگی آریہ سماج کے لئے وقف کردی اور فلاں پادری نے اپنی عمر مشن کو دے دی۔ مجھے حیرت آتی ہے کہ کیوں .... کی خدمت کے لئے اور خدا کی راہ میں اپنی زندگی کو وقف نہیں کر دیتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ پر نظر کر کے دیکھیں، تو ان کو معلوم ہو کہ کس طرح اسلام کی زندگی کے لئے اپنی زندگیاں وقف کی جاتی تھیں۔

یاد رکھو کہ یہ خسارہ کا سودا نہیں ہے۔ بلکہ بے قیاس نفع کا سودا ہے۔ کاش (۔) کو معلوم ہوتا اور اس تجارت کے مفاد اور منافع پر ان کو اطلاع ملتی جو خدا کے لئے اس کے دین کی خاطر اپنی زندگی وقف کرتا ہے۔ کیا وہ اپنی زندگی کھوتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ فلہ اجرہ عند ربہ .... (البقرہ:113) اس للّٰہی وقف کا اجر ان کا رب دینے والا ہے۔ یہ وقف ہر قسم کے ہموم وغموم سے نجات اور رہائی بخشنے والا ہے۔

مجھے تعجب ہوتا ہے کہ جبکہ ہر ایک انسان بالطبع راحت اور آسائش چاہتا ہے اور ہموم وغموم اور کرب و افکار سے خواستگار نجات ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ جب اس کو ایک مجرب نسخہ اس مرض کا پیش کیا جاوے تو اس پر توجہ ہی نہ کرے۔ کیا للّٰہی وقف کا نسخہ 1300 برس سے مجرب ثابت نہیں ہوا؟ کیا صحابہ کرامؓ اسی وقف کی وجہ سے حیات طیبہ کے وارث اور ابدی زندگی کے مستحق نہیں ٹھہرے؟ پھر اب کونسی وجہ ہے کہ اس نسخہ کی تاثیر سے فائدہ اٹھانے میں دریغ کیا جاوے۔

پھر اب کونسی وجہ ہے کہ اس نسخہ کی تاثیر سے فائدہ اٹھانے میں دریغ کیا جاوے۔

بات یہی ہے کہ لوگ اس حقیقت سے ناآشنا اور اس لذت سے جو اس وقف کے بعد ملتی ہے۔ ناواقف محض ہیں؛ ورنہ اگر ایک شمہ بھی اس لذت اور سرور سے ان کو مل جاوے، تو بے انتہا تمناؤں کے ساتھ وہ اس میدان میں آئیں۔ (ملفوظات جلد اول ص 369-370)

دین کو دنیا پر مقدم رکھیں

میرا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ (۔) سست ہو جاویں۔ (۔) کسی کو سست نہیں بناتا۔ اپنی تجارتوں اور ملازمتوں میں بھی مصروف ہوں، مگر میں یہ نہیں پسند کرتا کہ خدا کیلئے ان کا کوئی وقت بھی خالی نہ ہو۔ ہاں تجارت کے وقت پر تجارت کریں اور اللہ تعالیٰ کے خوف وخشیت کو اس وقت بھی مدنظر رکھیں۔ تاکہ وہ تجارت بھی ان کی عبادت کا رنگ اختیار کرلے۔ نمازوں کے وقت پر نمازوں کو نہ چھوڑیں۔ ہر معاملہ میں کوئی ہو دین کو مقدم کریں۔ دنیا مقصود بالذات نہ ہو۔ اصل مقصود دین ہو۔ پھر دنیا کے کام بھی دین ہی کے ہوں گے۔ (ملفوظات جلد اول ص 410)

خدا تعالیٰ کے بندے کون ہیں؟

یہ وہی لوگ ہیں جو اپنی زندگی کو جو اللہ تعالیٰ نے ان کو دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی کی راہ میں وقف کر دیتے ہیں اور اپنی جان کو خدا کی راہ میں قربان کرنا، اپنے مال کو اس کی راہ میں صرف کرنا اس کا فضل اور اپنی سعادت سمجھتے ہیں، مگر جو لوگ دنیا کی املاک وجائداد کو اپنا مقصود بالذات بنا لیتے ہیں، وہ ایک خوابیدہ نظر سے دین کو دیکھتے ہیں، مگر حقیقی مومن اور صادق (۔) کا یہ کام نہیں ہے۔ سچا (۔) یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی ساری طاقتوں اور قوتوں کو مادام الحیات وقف کر دے، تاکہ وہ حیات طیبہ کا وارث ہو؛ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اس للّٰہی وقف کی طرف ایماء کر کے فرماتا ہے۔ من اسلم وجھہ للّٰہ...... (البقرہ:113) اس جگہ اسلم وجھہ للّٰہ کے معنی یہی ہیں کہ ایک نیستی اور تذلل کا لباس پہن کر آستانہ الوہیت پر گرے اور اپنی جان، مال، آبرو غرض جو کچھ اس کے پاس ہے۔ خدا ہی کے لئے وقف کرے اور دنیا اور اس کی ساری چیزیں دین کی خادم بنادے۔ (ملفوظات جلد اول ص 364)

جماعت کے لئے اخلاقی نصاب

اخلاقی حالت ایسی درست ہو کہ کسی کو نیک نیتی سے سمجھانا اور غلطی سے آگاہ کرنا ایسے وقت پر ہو کہ اسے برا معلوم نہ ہو کسی کو استخفاف کی نظر سے نہ دیکھا جاوے۔ دل شکنی نہ کی جاوے۔ جماعت میں باہم جھگڑے فساد نہ ہوں۔ دینی غریب بھائیوں کو کبھی حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھو۔ مال و دولت یا نسبی بزرگی پر بے جا فخر کر کے دوسروں کو ذلیل اور حقیر نہ سمجھو۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک مکرم وہی ہے جو متقی ہے .... (الحجرات:14) دوسروں کے ساتھ بھی پورے اخلاق سے کام لینا چاہئے۔ جو بداخلاقی کا نمونہ ہوتا ہے، وہ بھی اچھا نہیں۔ ہماری جماعت کے ساتھ لوگ مقدمہ بازی کا صرف بہانہ ہی ڈھونڈتے ہیں۔ لوگوں کے لئے ایک طاعون ہے۔ ہماری جماعت کے لئے دو طاعون ہیں۔ اگر کوئی جماعت میں سے ایک شخص برائی کرے گا، تو اس ایک سے ساری جماعت پر حرف آئے گا۔ دانشمندی، حلم اور درگذر کے ملکہ کو بڑھاؤ۔ نادان سے نادان کی باتوں کا جواب بھی متانت اور سلامت روی سے دو۔ یاوہ گوئی کا جواب یاوہ گوئی نہ ہو۔ (ملفوظات جلد اول ص 135)

للّٰہی وقف کا مقام

بموجب منشاء ھدی للمتقین ابھی تک اس مقام تک نہیں پہنچا جہاں قرآن شریف اسے لے جانا چاہتا ہے اور وہ مقام ہے کہ انسان اپنی زندگی ہی خدا تعالیٰ کے لئے وقف کردے۔ اور یہ للّٰہی وقف کہلاتا ہے۔ اس حالت اور مقام پر جب ایک شخص پہنچتا ہے تو اس میں مما رہتا ہی نہیں۔ کیونکہ جب تک وہ مما کی حد کے اندر ہے اس وقت تک وہ ناقص ہے اور اس علت غائی تک نہیں پہنچا جو قرآن مجید کی ہے۔ لیکن کامل اسی وقت ہوتا ہے جب یہ حد نہ رہے اور اس کا وجود، اس کا ہر فعل، ہر حرکت وسکون محض اللہ تعالیٰ کے حکم اور اذن کے ماتحت بنی نوع کی بھلائی کے لئے وقف ہو۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 612)

اپنے بھائی کے لئے دعا کرو

حضرت کی خدمت میں ایک شخص کا خط پیش ہوا کہ میں کئی جگہ گیا تھا اور میں نے آپ کی جماعت کے آدمیوں کو نماز کی بروقت پابندی میں اور باہمی اخوت کے شرائط کی پابندی میں قاصر پایا۔

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

اصلاح ہمیشہ رفتہ رفتہ ہوتی ہے بعض مستعجل لوگ ہیں جو نکتہ چینی پر جلدی کرتے ہیں اخلاص اور ثبات قدم خدا تعالیٰ کا ایک فضل ہے اور اس سلسلہ میں داخل ہونا بھی اللہ تعالیٰ کا ایک فضل ہے۔ بہت لوگ ایسے ہیں جنہوں نے داخلہ کے فضل کی توفیق پائی اور ثبات قدم اور اخلاص کی توفیق کے حاصل کرنے کے واسطے ہنوز وہ منتظر ہیں۔ ہر ایک شخص کو چاہئے کہ وہ اپنی حالت کو دیکھے۔ کیا وہ جس دن اس سلسلہ میں داخل ہوا اس دن اس کی حالت وہ تھی جو آج اس کی ہے۔ ہر ایک آدمی رفتہ رفتہ ترقی کرتا ہے اور کمزوریاں آہستہ آہستہ دور ہو جاتی ہیں گھبرانا نہیں چاہئے اور اصلاح کے واسطے کوشش کرنی چاہئے۔ اپنے بھائی کو حقارت سے نہ دیکھو بلکہ اس کے واسطے دعا کرو۔ اس کے ساتھ لڑائی نہ کرو بلکہ اس کی اصلاح کی فکر کرو۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 243)

متقی اور محسن

متقی کے معنی ہیں ڈرنے والا۔ ایک ترک شر ہوتا ہے اور ایک افاضۂ خیر۔ متقی ترک شر کا مفہوم اپنے اندر رکھتا ہے اور محسن افاضۂ خیر کو چاہتا ہے۔ میں نے اس کے متعلق ایک حکایت پڑھی ہے کہ ایک بزرگ نے کسی کی دعوت کی اور اپنی طرف سے مہمان نوازی کا پورا اہتمام کیا اور حق ادا کیا۔ جب وہ کھانا کھا چکے، تو بزرگ نے بڑے انکسار سے کہا کہ میں آپ کے لائق خدمت نہیں کر سکا۔ مہمان نے کہا کہ آپ نے مجھ پر کوئی احسان نہیں کیا بلکہ میں نے احسان کیا ہے، کیونکہ جس وقت تم مصروف تھے، میں تمہاری املاک کو آگ لگا دیتا تو کیا ہوتا۔ غرض متقی کا کام یہ ہے کہ برائیوں سے باز آوے۔ اس سے آگے دوسرا درجہ افاضۂ خیر کا ہے، جس کو یہاں محسنون کے لفظ سے ادا کیا گیا ہے کہ نیکیاں بھی کرے۔ پورا راستباز انسان تب ہوتا ہے جب بدیوں سے پرہیز کر کے یہ مطالعہ کرے کہ نیکی کون سی کی ہے؟

کہتے ہیں کہ امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس ایک نوکر چاء کی پیالی لایا۔ جب قریب آیا تو غفلت سے وہ پیالی آپؓ کے سر پر گر پڑی۔ آپؓ نے تکلیف محسوس کر کے ذرا تیز نظر سے غلام کی طرف دیکھا۔ غلام نے آہستہ سے پڑھا۔ والکاظمین الغیظ (آل عمران:135) یہ سن کر امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کظمت غلام نے پھر کہا والعافین عن الناس۔ کظم میں انسان غصہ دبا لیتا ہے اور اظہار نہیں کرتا ہے، مگر اندر سے پوری رضامندی نہیں ہوتی، اس لئے عفو کی شرط لگا دی ہے۔ آپؓ نے کہا کہ میں نے عفو کیا۔ پھر پڑھا واللّٰہ یحب المحسنین۔ محبوب الٰہی وہی ہوتے ہیں جو کظم اور عفو کے بعد نیکی بھی کرتے ہیں۔ آپؓ نے فرمایا: جا آزاد بھی کیا۔ راستبازوں کے نمونے ایسے ہیں کہ چائے کی پیالی گرا کر آزاد ہوا۔ اب بتاؤ کہ یہ نمونہ اصول کی عمدگی ہی سے پیدا ہوا۔

(ملفوظات جلد اول ص 115)

اعمال صالحہ اور تقویٰ

میں اپنی جماعت کو مخاطب کر کے کہتا ہوں کہ ضرورت ہے اعمال صالحہ کی۔ خدا تعالیٰ کے حضور اگر کوئی چیز جا سکتی ہے، تو وہ یہی اعمال صالحہ ہیں۔ الیہ

یصعد الکلم الطیب (سورۃ فاطر:11) خود خداتعالیٰ فرماتا ہے۔ اس وقت ہمارے قلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلواروں کے برابر ہیں، لیکن فتح اور نصرت اسی کو ملتی ہے جو متقی ہو خداتعالیٰ نے یہ وعدہ فرما دیا ہے۔......(الروم:48) مومنوں کی نصرت ہمارے ذمہ ہے۔......(النساء:142) اللہ مومنوں پر کافروں کو راہ نہیں دیتا، اس لئے یاد رکھو کہ تمہاری فتح تقویٰ سے ہے ورنہ عرب تو نرے لیکچرار اور خطیب اور شاعر ہی تھے۔ انہوں نے تقویٰ اختیار کیا۔ خداتعالیٰ نے اپنے فرشتے ان کی امداد کے لئے نازل کئے۔ تاریخ کو اگر انسان پڑھے تو اسے نظر آ جائے گا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جس قدر فتوحات کیں وہ انسانی طاقت اور سعی کا نتیجہ نہیں ہو سکتا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تک بیس سال کے اندر ہی اندر اسلامی سلطنت عالمگیر ہوگئی۔ اب ہم کو کوئی بتاوے کہ انسان ایسا کر سکتا ہے۔ (ملفوظات جلد اول ص 114)

میرے سامنے جماعت تیار ہو

ہاں ایک جماعت یہ ہو کہ وہ دونو علوم حاصل کر سکیں اور بجائے خود انہیں وقت کی پروا نہ ہو۔ پھر اس پر مشکل یہ ہوگی کہ استاد مستعد اور مقرر بنیں۔ غرض ہر پہلو کو سوچ کر یہ انتظام کرنے کی بات ہے۔ اس لئے مَیں جب ان تمام امور کو مدّنظر رکھ کر سوچتا ہوں تو حیران ہوتا ہوں اور سمجھ نہیں سکتا کہ ہمارا جو مطلب ہے وہ کیونکر پورا ہو سکتا ہے۔ اگر موجودہ صورت ہی کو قائم رکھیں اور کوئی انتظام نہ کیا گیا تو پھر ان ساری تقریروں سے فائدہ کیا ہوا؟ اور اگر اس پر مضامین بڑھا دیں تو استاد واویلا کرتے ہیں کہ وقت تھوڑا ہے اور ساتھ ہی لڑکوں کی صحت کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔

خلاصہ یہ کہ اس نکتہ کو مدّنظر رکھو کہ ایسے لوگ تیار ہو جاویں گے۔ اس لئے کہ مَیں چاہتا ہوں کہ میرے سامنے تیار ہوں۔ میں اس جماعت کو اپنے سامنے تیار کرانا چاہتا ہوں فائدہ اسی سے ہوگا۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 622)

مربیان کے لئے دنیوی علوم کی ضرورت

ہاں یہ سچ ہے کہ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ جس قوم سے تمہیں مقابلہ پیش آوے اس مقابلہ میں تم بھی ویسے ہی ہتھیار استعمال کرو جیسے ہتھیار وہ مقابلہ والی قوم استعمال کرتی ہے۔ اور چونکہ آجکل مذہبی مناظرہ کرنے والے لوگ ایسے امور پیش کر دیتے ہیں جن کا سائنس اور موجودہ علوم سے تعلق ہے اس لئے اس حد تک ان علوم میں واقفیت اور دخل کی ضرورت ہے جیسے مثلاً اعتراض کر دیتے ہیں کہ جن ممالک میں چھ ماہ تک آفتاب طلوع یا غروب نہیں ہوتا۔ وہاں نماز یا روزہ کے احکام کی تعمیل کس طرح پر ہوگی؟ اب جو شخص ان ممالک سے واقف نہیں یا ان باتوں پر اطلاع نہیں رکھتا وہ سنتے ہی گھبرا جاوے گا اور حیران ہو کر رہ جاوے گا۔ ایسا اعتراض کرنے والوں کا منشا یہ ہوتا ہے کہ وہ قرآن کریم کی تعلیم کی تکمیل کو ناقص قرار دیں کہ ایسے ممالک کے لئے کوئی اور حکم ہونا چاہئے تھا۔ غرض ایسے اعتراضات چونکہ آجکل ہوتے ہیں۔ اس لئے ضروری امر ہے کہ ان علوم میں کچھ نہ کچھ دسترس ضرور ہو۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 700)

دلوں کو فتح کرو

تم یاد رکھو کہ نرمی عمدہ صفت ہے۔ نرمی کے بغیر کام چل نہیں سکتا۔ فتح جنگ سے نہیں۔ جنگ سے اگر کسی کو نقصان پہنچا دیا تو کیا کیا؟ چاہئے کہ دلوں کو فتح کرو۔ اور دل جنگ سے فتح نہیں ہوتے بلکہ اخلاق فاضلہ سے فتح ہوتے ہیں۔ اگر انسان خدا کے واسطے دشمنوں کی اذیتوں پر صبر کرنے والا ہو جاوے تو آخر ایک دن ایسا بھی آ جاتا ہے کہ خود دشمن کے دل میں ایک خیال پیدا ہو جاتا ہے اور اثر ہوتا ہے اور جب وہ برکات، فیوض اور نصرت الٰہی کو دیکھتا ہے اور اخلاق فاضلہ کا برتاؤ دیکھتا ہے تو خود بخود اس کے دل میں ایسا خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ اگر یہ شخص جھوٹا ہی ہوتا اور خداتعالیٰ پر افتراء کرنے والا ہی ہوتا تو اس کی یہ نصرت اور تائید تو ہرگز نہ ہوتی۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 710)

توکل

اصل میں توکل ہی ایک ایسی چیز ہے کہ انسان کو کامیاب و بامراد بنا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (الطلاق:4) جو اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو کافی ہو جاتا ہے بشرطیکہ سچے دل سے توکل کے اصلی مفہوم کو سمجھ کر صدق دل سے قدم رکھنے والا ہو اور صبر کرنے والا اور مستقل مزاج ہو۔ مشکلات سے ڈر کر پیچھے نہ ہٹ جاوے۔ دنیا گذشتنی اور گذاشتنی ہے اور اس کے کام بھی ایسے ہی ہیں۔ پس انسان کو لازم ہے کہ اس کا غم نہ کرے اور آخرت کا فکر زیادہ رکھے۔ اگر دین کے غم انسان پر غالب آ جاویں تو دنیا کے کاروبار کا خود متکفل ہو جاتا ہے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 543)

قبولیت دعا کی شرط

یہ خوب یاد رکھو کہ انسان کی دعا اس وقت قبول ہوتی ہے جبکہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے غفلت فسق و فجور کو چھوڑ دے۔ جس قدر قرب الٰہی انسان حاصل کرے گا اسی قدر قبولیت دعا کے ثمرات سے حصہ لے گا۔ اسی لئے فرمایا (۔) (البقرہ:187) اور دوسری جگہ فرمایا ہے (۔) (سبا:53) یعنی جو مجھ سے دور ہو۔ اس کی دعا کیونکر سنوں۔ یہ گویا عام قانون قدرت کے نظارہ سے ایک سبق دیا ہے۔ یہ نہیں کہ خدا سن نہیں سکتا۔ وہ تو دل کے مخفی در مخفی ارادوں سے بھی واقف ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئے، مگر یہاں انسان کو قرب الٰہی کی طرف توجہ دلائی ہے کہ جیسے دور کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ اسی طرح پر جو شخص غفلت اور فسق و فجور میں مبتلا رہ کر مجھ سے دور ہوتا جاتا ہے۔ جس قدر وہ دور ہوتا ہے اسی قدر حجاب اور فاصلہ اس کی دعاؤں کی قبولیت میں ہوتا جاتا ہے کیا سچ کہا ہے ؎

پیدا است ندا را کہ بلند ہست جنابت

جیسے میں نے ابھی کہا گو خدا عالم الغیب ہے، لیکن یہ قانون قدرت ہے کہ تقویٰ کے بغیر کچھ نہیں ہوتا۔

(ملفوظات جلد اول ص 436)

بیعت کے مغز کو اختیار کرو

یہ مت خیال کرو کہ صرف بیعت کر لینے سے ہی خدا راضی ہو جاتا ہے۔ یہ تو صرف پوست ہے۔ مغز تو اس کے اندر ہے۔ اکثر قانون قدرت یہی ہے کہ ایک چھلکا ہوتا ہے اور مغز اس کے اندر ہوتا ہے۔ چھلکا کوئی کام کی چیز نہیں ہے۔ مغز ہی لیا جاتا ہے۔ بعض ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں مغز رہتا ہی نہیں اور مرغی کے ہوائی انڈوں کی طرح جن میں نہ زردی ہوتی ہے نہ سفیدی جو کسی کام نہیں آ سکتے اور ردی کی طرح پھینک دیئے جاتے ہیں۔ ہاں ایک دو منٹ تک کسی بچے کے کھیل کا ذریعہ ہو تو ہو۔ اسی طرح پر وہ انسان جو بیعت اور ایمان کا دعویٰ کرتا ہے اگر وہ ان دونوں باتوں کا مغز اپنے اندر نہیں رکھتا، تو اسے ڈرنا چاہئے کہ ایک وقت آتا ہے کہ وہ اس ہوائی انڈے کی طرح ذرا سی چوٹ سے چکنا چور ہو کر پھینک دیا جائے گا۔

اسی طرح جو بیعت اور ایمان کا دعویٰ کرتا ہے اس کو ٹٹولنا چاہئے کہ کیا میں چھلکا ہی ہوں یا مغز؟ جب تک مغز پیدا نہ ہو۔ ایمان، محبت، اطاعت، بیعت، اعتقاد مریدی اور (۔) کا مدعی سچا مدعی نہیں ہے۔ یاد رکھو کہ یہ سچی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور مغز کے سوا چھلکے کی کچھ بھی قیمت نہیں۔ خوب یاد رکھو کہ معلوم نہیں، موت کس وقت آ جاوے، لیکن یہ یقینی امر ہے کہ موت ضرور ہے۔ پس نرے دعویٰ پر ہرگز کفایت نہ کرو اور خوش نہ ہو جاؤ۔ وہ ہرگز ہرگز فائدہ رساں چیز نہیں۔ جب تک انسان اپنے آپ پر بہت سی موتیں وارد نہ کرے اور بہت سی تبدیلیوں اور انقلابات میں سے ہو کر نہ نکلے۔ وہ انسانیت کے اصل مقصد کو نہیں پا سکتا۔

(ملفوظات جلد اول ص 416)

مومن پر ابتلاء نہ آنا سنت اللہ کے خلاف ہے

خداتعالیٰ کے مامور پر ایمان لانے کے ساتھ ابتلاء ضروری ہے۔ خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (العنکبوت:3) کیا لوگوں نے سمجھا کہ چھوڑے جائیں گے یہ کہنے پر کہ ہم ایمان لائے اور آزمائے نہ جائیں گے۔ گویا ایمان کی شرط ہے آزمایا جانا۔ صحابہ کرام کیسے آزمائے گئے۔ ان کی قوم نے طرح طرح کے عذاب دیئے ان کے اموال پر بھی ابتلاء آئے۔ جانوں پر بھی، خویش و اقارب پر بھی۔ اگر ایمان لانے کے بعد آسائش کی زندگی آ جاوے تو اندیشہ کرنا چاہئے کہ میرا ایمان صحیح نہیں کیونکہ یہ سنت اللہ کے خلاف ہے کہ مومن پر ابتلاء نہ آئے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 444)

ترک دنیا

ترک دنیا کے یہ معنے نہیں ہیں کہ انسان سب کام کاج چھوڑ کر گوشہ نشینی اختیار کر لے۔ ہم اس بات سے منع نہیں کرتے کہ ملازم اپنی ملازمت کرے اور تاجر اپنی تجارت میں مصروف رہے اور زمیندار اپنی کاشت کا انتظام کرے، لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ انسان کو ایسا ہونا چاہئے کہ ؎

دست در کار و دل بایار

انسان خداتعالیٰ کی رضامندی پر چلے۔ کسی معاملہ میں شریعت کے برخلاف کوئی کام نہ کرے۔ جب خداتعالیٰ مقدم ہو تو اسی میں انسان کی نجات ہے۔ دنیا داروں میں مداہنہ کی عادت بہت بڑھ گئی ہے۔ جس مذہب والے سے ملے اسی کی تعریف کر دی۔ خداتعالیٰ اس سے راضی نہیں۔ صحابہؓ میں بعض بڑے دولت مند تھے اور دنیا کے تمام کاروبار کرتے تھے اور اسلام میں بہت سے بادشاہ گزرے ہیں جو درویش سیرت تھے۔ تخت شاہی پر بیٹھے ہوئے ہوتے تھے لیکن دل ہر وقت خداتعالیٰ کے ساتھ ہوتا۔ مگر آجکل تو لوگوں کا یہ حال ہے کہ جب دنیا کی طرف جھکتے ہیں تو ایسے دنیا کے ہو جاتے ہیں کہ دین پر ہنسی کرتے ہیں۔ نماز پر اعتراض کرتے ہیں اور وضو پر ہنسی اڑاتے ہیں۔ یہ لوگ ساری عمر تو دنیوی علوم کے پڑھنے میں گزار دیتے ہیں اور پھر دین کے معاملات میں رائے زنی کرنے لگتے ہیں۔ حالانکہ انسان کسی مضمون میں عمیق اسرار تب ہی نکال سکتا ہے جب اس کو اس امر کی طرف زیادہ توجہ ہو۔ ان لوگوں کو دین کے متعلق مصالح، معارف اور حقائق سے بالکل بے خبری ہے۔ دنیا کی زہریلی ہوا کا ان لوگوں کے دلوں پر زہرناک اثر ہے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 80-81)

حضرت مسیح موعود کی ایک دعا

پاک کلمات دعائیہ جو حضرت مسیح موعود کے مبارک ہونٹوں سے نکلے ہوئے ہیں۔

"اے رب العالمین! تیرے احسانوں کا میں شکر نہیں کر سکتا۔ تو نہایت ہی رحیم و کریم ہے اور تیرے بے غایت مجھ پر احسان ہیں۔ میرے گناہ بخش تا میں ہلاک نہ ہو جاؤں۔ میرے دل میں اپنی خالص محبت ڈال تا مجھے زندگی حاصل ہو اور میری پردہ پوشی فرما اور مجھ سے ایسے عمل کرا جن سے تو راضی ہو جائے۔ میں تیرے وجہ کریم کے ساتھ اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ تیرا غضب مجھ پر وارد ہو۔ رحم فرما اور دنیا اور آخرت کی بلاؤں سے مجھے بچا کہ ہر ایک فضل و کرم تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ آمین ثم آمین۔"

(ملفوظات جلد اول ص 153)

ا-ش-سیال

حضرت اماں جان کے اخلاق حسنہ کی چند یادیں

اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر کروں کم ہے کہ اس نے مجھے ایسے گھرانے میں پیدا کیا جس کا مسیح ومہدی زماں سے ارادت ومحبت کا تعلق تھا۔ میری نانی جان حضرت فضل بیگم صاحبہ اہلیہ محترم مرزا محمود احمد صاحب (پٹی والے) رفیقہ مسیح موعود تھیں۔ دارمسیح سے ان کو کچھ ایسی کشش تھی کہ پروانہ وار کھنچی چلی آتیں۔ حضرت اماں جان کی ذات والا صفات احمدی خواتین کے لئے سایہ رحمت تھی۔ نانی اماں کی انگلی پکڑ کر ایک ننھی بچی اس ملکہ عالم کے حضور حاضر ہوتی۔ اس بچی کو جنم دینے والی ماں کا انتقال ہوگیا تھا۔ پندرہ دن کی یہ بچی اللہ تعالیٰ نے پرورش اور تعلیم وتربیت کے لئے اس کی نانی اماں کے سپرد کردی۔ نانی اماں اپنی محبوب ہستی کے حضور حاضر ہوتیں تو یہ بچی بھی ساتھ ہوتی۔ اس طرح اللہ تعالیٰ کے احسان عظیم کے تحت ننھی امۃ الشافی حضرت اماں جان کی خدمت میں بہت کم عمری میں حاضر ہونے لگی۔

اس زمانے کی جو یادیں میرے ذہن میں محفوظ ہیں۔ میرا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ایک سرد دن صحن کے چبوترہ پر ایک چارپائی پر حضرت اماں جان تشریف فرما تھیں۔ ہم ملنے گئے تو اس چارپائی پر نانی اماں کو بٹھا لیا۔ ایک طرف مجھے جگہ مل گئی۔ عجیب بے تکلفی اور اپنائیت کا سماں تھا۔ یہ دربار یونہی لگا کرتا۔ کوئی بناوٹ اور تصنع نہیں ہوتا تھا۔ اپنے گھر کی طرح سادہ ماحول ہوتا تھا۔ مجھے یاد ہے۔ ایک دفعہ نانی اماں سے باتیں کرتے ہوئے۔ مجھ سے مخاطب ہوکر پیار سے پوچھا۔

تمہارے کتنے بھائی ہیں؟

میں نے عرض کیا جی دو بھائی ہیں۔

تو آپ نے فرمایا نہیں بیٹا تمہارے چار بھائی ہیں۔ دراصل میں ننھال میں رہتی تھی۔ وہاں جو کوئی عزیز رشتے دار آتا اور ہم بہن بھائیوں کے متعلق پوچھتا تو یہی ذکر رہتا کہ شافی کے دو بھائی ہیں۔ پوچھنے والوں کی مراد ہوتی کہ میری امی کی کتنی اولاد ہے۔ میری نانی اماں بتادیتیں وہی میرے ذہن میں نقش ہوگیا۔ اس وقت میری عمر پانچ سال ہوگی۔ اتنے بچے کو سمجھ کہاں ہوتی ہے کہ دوسری والدہ سے بھی بہن بھائی ہیں۔ لیکن جن کے ذمے اللہ تعالیٰ نے ساری دنیا کی تربیت کا فرض رکھا ہوتا ہے۔ وہ اس عمر کی اہمیت کو خوب سمجھتے ہیں۔ آپ کے اس طرح سمجھانے سے پھر کبھی یہ خیال تک نہ آیا کہ دوسری والدہ سے ہمارے بہن بھائی سوتیلے ہیں۔ سگے سوتیلے کا فرق کبھی نہیں ہوا۔ آپ کی اس وقت کی نصیحت دعا بن کر لگی اور آئندہ نسل میں بھی پیار محبت قائم ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت اماں جان کے درجات بلند سے بلند فرماتا چلا جائے۔

ایک بہت پیاری یاد صفحہ قرطاس پر لاتی ہوں۔ جس سے حضرت اماں جان کی فہم وفراست کے کئی پہلو سامنے آتے ہیں۔ میری عمر اندازاً چھ سال ہوگی جب اسی طرح نانی جان کے ساتھ حاضر خدمت ہوئی۔ آپ نے میرے ہاتھوں کی طرف دیکھتے ہوئے فرمایا شافی اپنے ابا سے کہو تمہارے حصے کی گندم فروخت کر کے تمہیں سونے کے کڑے بنوادیں۔ یہ سن کر نانی اماں نے عرض کیا ”اس کو تو اپنی ماں کے زیور میں سے کچھ بھی نہیں ملا“۔ اس بات میں قدرے شکوے کا رنگ تھا۔ آپ خاموش ہوگئیں اور بظاہر بات آئی گئی ہوگئی۔ لیکن بات ختم نہیں ہوئی تھی۔ چند دن کے بعد میرے نانا جان ہمارے دارالانوار والے گھر آئے تو آپ کے ہاتھ میں کاغذ میں لپٹا ہوا ڈبہ تھا۔ نانی جان کو دیتے ہوئے آپ نے فرمایا یہ سیدہ رقیہ بیگم نے شافی کے لئے دیا ہے۔ ڈبہ کھولا تو اس میں سونے کا ایک خوبصورت نیکلس تھا۔ تو معلوم ہوا کہ حضرت اماں جان نے توجہ دلائی تھی۔

آپ کا دل جماعت کے ہر فرد کے لئے خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ امیر ہو یا غریب محبت سے لبریز تھا۔ ایک چھ سال کی بچی کو اس کا حق دلوانے کی خاطر آپ نے حضرت سیدہ ام طاہر کے ذریعے میری دوسری امی کو کہلوایا کہ شافی کی ماں کا کوئی زیور شافی کو دے دیں۔ اس طرح وہ زیور مجھ تک پہنچا۔ مگر زیور سے زیادہ قیمتی یہ یاد ہے کہ کس طرح حضرت اماں جان نے شفقت فرمائی۔ جب بھی ان خوبصورت واقعات پر غور کرتی ہوں۔ دل کو بڑی تسکین ملتی ہے۔ آپ کی سیرت کا ہر پہلو متاثر کرنے والا تھا۔ قلب وروح گداز ہوکر آنکھوں کو نم کردیتے ہیں اور یہ پرنم آنکھیں خدا کے حضور آپ کے لئے دعا بن جاتی ہیں۔ دارالانوار کے گھر کی ایک اور قیمتی یاد بیان کرتی ہوں۔ ہم پہلے پٹی میں رہتے تھے۔ یہاں میں نے پانچویں کلاس تک پڑھا تھا۔ قادیان آکر چھٹی میں داخلہ لیا۔ اس عمر کے بچوں کو اپنے ماحول کا بہت کچھ یاد رہ جاتا ہے۔ مجھے یاد ہے کبھی کبھی حضرت اماں جان بے تکلفی سے ہمارے گھر تشریف لاتیں تو گھر خوشی سے بھر جاتا۔ آپ ہم سب سے خیریت اور دیگر حال احوال دریافت کرتیں۔ تھوڑی دیر کا قیام ہمیں دن بھر مسرور رکھتا۔ ہمارے گھر سے کچھ آگے کوٹھی النصرت تھی۔ جس میں حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث اور حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ رہا کرتے تھے۔ آپ وہاں آتے جاتے جس وقت دل چاہتا ہمارے گھر تشریف لے آتیں۔ بہت بابرکت وجود تھے جو کھلے دل سے برکتیں عطا فرماتے تھے۔

جب میری بڑی بہن محترمہ منیرہ بیگم (اہلیہ چوہدری مقبول احمد صاحب آف شیخوپورہ) اور بھائی منصور احمد سیال نے میٹرک میں کامیابی حاصل کی تو سب سے پہلے آپ مبارک باد دینے آئیں۔ میٹرک کے بچوں کی یہ حوصلہ افزائی دل سے دعائیں لوٹتی ہے۔ سبحان اللہ مادرمہربان کس درجہ کی شفیق ہستی تھیں۔

ایک واقعہ مجھے میری ممانی جان محترمہ بشریٰ بیگم اہلیہ مرزا مبارک احمد صاحب نے بیان کیا کہ جب میری امی صادقہ بیگم کی وفات ہوئی تو میرا بھائی منصور پانچ چھ سال کا تھا۔ یہ ماں کی محبت کا بھوکا بچہ سکول سے سیدھا حضرت اماں جان کے پاس پہنچتا اور آپ میری صادقہ کا بچہ کہہ کر سینے سے لگا لیتیں۔ اب سوچئے سکول سے ہی بچے کیا کم مٹی دھول سے اٹے آتے ہیں۔ اس پر ریتی چھلہ عبور کرکے دارالمسیح تک پہنچنے میں کیا حال ہوتا ہوگا۔ مگر آپ پرواہ نہ کرتیں اور بچے کو ماں سے بڑھ کر پیار کرتیں۔ بچہ یونہی کسی کے پاس نہیں جایا کرتا۔ ضرور اچھا کھلاتی پلاتی بھی ہوں گی۔ میری مرحومہ ماں نے نہ جانے بچوں کے لئے کیا کیا دعائیں کی ہوں گی۔ جن کی قبولیت میں یہ شفقت حصے میں آئی۔ اس پیار بھرے سلوک سے یقیناً میری ماں کی روح کو سکون ملتا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہماری حضرت اماں جان کی روح کے سکون کے سامان ان کی نسلوں میں محبت وخلوص جاری رکھ کر پیدا فرماتا رہے (آمین) اور ہمیں بھی ان کے نقوش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین اللھم آمین)

مکرم ریاض احمد ملک صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت بابا محمد خان صاحب دوالمیال

حضرت بابا محمد خان صاحب کے احمدیت قبول کرنے کا واقعہ مکرم کرنل ظفر اللہ خان صاحب دوالمیال نے خاکسار کو بتایا۔ بابا محمد خان صاحب کے کافی رشتہ داروں نے احمدیت قبول کر لی تھی اور وہ حضرت بابا محمد خان صاحب کو بھی بہت دعوت الی اللہ کرتے تھے۔ لیکن وہ احمدیت قبول کرنے لئے راضی نہ تھے۔ لیکن نیک فطرت اور سعید روح ان میں موجود تھی۔ وہ حق کے متلاشی بھی تھے۔ اور حق کو خوب جاننے والے بزرگ تھے۔ بہرحال شب وروز وہ اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتے رہے اور اللہ تعالیٰ سے حق قبول کرنے کی استطاعت مانگتے رہے۔ تضرع اور انکساری سے مانگی ہوئی دعائیں ضرور قبولیت کا شرف حاصل کرتی ہیں۔ تہجد کی دعائیں اور نیم شب کی آہ وبکا ضرور رنگ لاتی ہے۔ یوں ہی ہوا آخر دعائیں رنگ لائیں اور ایک رات آپ نے خواب میں دیکھا کہ دوالمیال گاؤں کے بڑے میدان (جس کو دوالمیال والے روڑھ کے نام سے پکارتے ہیں یہ گاؤں کی شمال کی جانب ہے) میں بہت بڑا ہجوم اکٹھا ہوا ہے۔ لوگ بڑے ادب اور تقدس سے بیٹھے ہوئے ہیں اور جوق در جوق اس مجمع میں شامل ہورہے ہیں۔ اور کیا دیکھتے ہیں کہ ایک بڑا اسٹیج بنا ہوا ہے جس پر ایک بہت ہی اعلیٰ وارفع بزرگ براجمان ہیں اور انہوں نے سفید کپڑے سے اپنا چہرہ مبارک ڈھانپا ہوا ہے۔

اور اس سٹیج کے پاس ایک بزرگ ہیں جن کا چہرہ بھی بہت نورانی ہے۔ پُروقار چہرہ ہے نور سے بھرا ہوا چہرہ اور وہ بزرگ لوگوں سے درخواستیں لے رہے ہیں اور ان درخواستوں کو سٹیج پر بیٹھے ہوئے دوسرے بزرگ کو پیش کررہے ہیں جنہوں نے سفید چادر سے اپنا چہرہ مبارک ڈھانپا ہوا ہے۔ اور لگاتار وہ ان درخواستوں پر دستخط کررہے ہیں۔

بابا جی محمد خان صاحب یہ سب نظارہ دیکھ رہے ہیں ان کو بتایا گیا جو بزرگ لے کر درخواستیں دستخط کے لئے پیش کررہے ہیں یہ حضرت مسیح موعود ہیں۔

یہ نظارہ دیکھنے کے بعد آپ خواب سے بیدار ہو گئے آپ نے صبح سویرے یہ خواب اپنے تمام رشتہ داروں کو بتائی اور اس نظارہ کو حق کے متلاشی نے اپنے لئے ایک پیغام سمجھا اور حق آپ پر آشکار ہوگیا۔ تضرع اور انکساری سے مانگی ہوئی دعائیں۔ نیم شب کی آہ وبکا۔ تہجد میں حق تلاش کرنے کی دعائیں رنگ لائیں اور ان کو شرف قبولیت ملا اور صبح سویرے احمدیت کو قبول کر لیا۔ امام وقت کی آواز پر لبیک کہہ دیا۔ اور حضرت مسیح موعود کے فدائیوں میں اپنے آپ کو شامل کر لیا۔ اور رفیق حضرت مسیح موعود ہونے کا شرف حاصل کر لیا۔ انہیں کی دعاؤں کا ثمر ہے کہ آج ان کی اولاد میں احمدیت کے متوالے موجود ہیں اور احمدیت کی ہر ممکن خدمت کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔

حضرت بابا محمد خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی بیعت کا ذکر البدر 18 جولائی 1907ء کے صفحہ 13 پر مذکور ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت بابا محمد خان صاحب کو غریق رحمت کرے ان کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس کا مکین بنائے۔ اور ان کے خاندان کو احمدیت کی برکات وفیوض سے نوازے۔ اور انہیں احمدیت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور جماعت احمدیہ دوالمیال کو ان رفیقان حضرت مسیح موعود کے نقش قدم پر چلنے اور احمدیت کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

سرامکس اور پورسلین

سرامکس یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ''کمہار کی مٹی'' ہیں۔ایسی تمام اشیاء کا شمار سرامکس میں کیا جاتا ہے جن کو ایک خاص قسم کی بھٹی میں بلند درجہ حرارت پر پکا کر تیار کیا گیا ہو۔لیکن جب بھٹیاں نہیں ہوا کرتی تھیں تو پھر لوگ برتن وغیرہ کس طرح بناتے تھے؟اس سوال کا درست جواب کوئی نہیں جانتا۔تاہم خیال کیا جاتا ہے کہ قدیم زمانے کے لوگ درختوں کی شاخوں سے بنی ہوئی ٹوکریوں کے اوپر گندھی ہوئی چکنی مٹی کی تہہ چڑھا کر انہیں پانی روک (Waterproof) بناتے تھے۔ممکن ہے کہ کسی دن اسی قسم کی کوئی ٹوکری اتفاق سے آگ میں گر گئی ہو، آگ کے شعلوں نے ٹوکری کے بنے ہوئے حصے کو جلا ڈالا ہو لیکن اس پر چڑھائی گئی مٹی کی تہہ آگ میں پک کر چٹان کی طرح سخت ہو گئی ہو۔غالباً اس طریقے سے لوگوں نے گیلی مٹی کو پتھر کی طرح سخت اور مضبوط بنانا سیکھا اور بعد میں خوراک اور پانی وغیرہ ذخیرہ کرنے کے لئے چکنی مٹی سے برتن بنانے شروع کئے۔

بہتر ظروف کی ایجاد

مٹی کو پکا کر ٹھوس بنانا سیکھنے کے بعد لوگوں نے گندھی ہوئی مٹی کی کیچوؤں جیسی لمبی لمبی پٹیاں بنا کر برتن بنانے شروع کئے۔مٹی کی پٹیوں کو چنگیر کی طرح چکر در چکر جوڑ کر برتن بنایا جاتا اور پھر آگ میں اسے گرم کر لیا جاتا۔تقریباً 5000 سال قبل مشرق وسطیٰ کے کاریگروں نے ایک گھومتے ہوئے چاک پر گندھی ہوئی مٹی کا ڈھیلا رکھ کر اسے اپنے انگوٹھوں اور انگلیوں کی مدد سے برتنوں کی شکل میں ڈھالنا شروع کر دیا تھا۔ان برتنوں کو انتہائی بلند درجہ حرارت والی بھٹیوں میں پکایا جاتا تھا اور یہ کھلی آگ میں گرم کر کے پکائے گئے برتنوں سے زیادہ مضبوط ہوتے تھے۔

مٹی کے عام برتنوں پر انتہائی ننھے ننھے مسام موجود ہوتے ہیں جن میں پانی سرایت کر جاتا ہے۔پانی کو برتن کی دیواروں میں جذب ہونے سے بچانے کے لئے ظروف سازوں نے مٹی کے برتنوں کی بیرونی سطح پر ایک خاص مادے کی تہہ چڑھانا شروع کر دی۔بھٹی میں پکنے کے بعد مادہ برتنوں کی بیرونی سطح پر ایک چمکدار اور پن روک (Waterproof) تہہ کی شکل اختیار کر لیتا تھا۔آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ میلوں ٹھیلوں پر بکنے والے مٹی کے برتنوں اور کھلونوں کے اوپر ایک چمکدار باریک تہہ چڑھی ہوتی ہے۔ یہ دراصل شیشے کا روغن ہوتا ہے جس سے ان برتنوں پر مسام باقی نہیں رہتے۔ چنانچہ ان میں رکھے گئے مائعات کے قطرہ قطرہ ٹپکنے کا کوئی خطرہ نہیں ہوتا۔

پورسلین

تقریباً 1800 سال قبل چین کے لوگوں نے پورسلین کا استعمال شروع کر دیا تھا۔پورسلین کے برتن انتہائی خوبصورت، نازک، سخت اور اس قدر نفیس ہوتے ہیں کہ ان کے آر پار دیکھا جاسکتا ہے۔چینی لوگ اس قسم کے برتن ایک خاص قسم کی مٹی سے بنا کر بلند درجہ حرارت والی بھٹیوں میں پکاتے تھے۔وقت گزرنے کے ساتھ پورسلین کے برتن دوسرے علاقوں اور ممالک میں بھی پہنچنا شروع ہو گئے۔یورپی ظروف سازوں نے پورسلین کے برتنوں کی نقل کرتے ہوئے ان سے ملتے جلتے برتن بنائے جو چینی مٹی کے برتن کہلاتے تھے۔تاہم یورپی لوگ اٹھارہویں صدی عیسوی تک اصلی پورسلین کے برتن بنانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔میسین (Meissen) کے علاقے میں جو کہ اب جرمنی کا حصہ ہے، ظروف سازی کے ماہر کاریگر نقش و نگار سے مزین خوبصورت ڈشیں بناتے تھے۔اس کے علاوہ انسانی شکلوں کے چھوٹے چھوٹے نمونے بھی پورسلین سے بنائے جانے لگے۔میسین کے علاقے میں بنائے گئے پورسلین کے برتن آج بھی عجائب گھروں میں محفوظ ہیں۔

سرامکس کے استعمالات بہت وسیع ہیں۔یہ ہر گھر کی ضرورت ہیں۔مثلاً کھانے پینے کے برتن، ہاتھ منہ دھونے والے بیسن (Wash-Basin) غسل خانوں میں لگائی جانے والی آرائشی ٹائلیں، گھروں کی تعمیر کے لئے اینٹیں، باورچی خانوں کے سنک۔سب سرامکس ہی ہیں۔اس کے علاوہ گندے پانی کے نکاس کے لئے زیر زمین بچھائے جانے والے سیمنٹ کے پائپوں کا شمار بھی سرامکس میں ہوتا ہے۔

حرارت مزاحم سرامکس

بعض سرامکس شدید حرارت کا مقابلہ کرنے کے لئے خاص طور پر بنائی جاتی ہیں۔مثال کے طور پر کھانے پکانے والے تنور (Oven) میں جو برتن استعمال کئے جاتے ہیں۔حرارت مزاحم ہوتے ہیں کیونکہ یہ برتن تنور کے اندر انتہائی شدید درجہ حرارت کے باوجود نہیں ٹوٹتے۔اگر تنور میں عام برتن استعمال کئے جائیں تو وہ بہت جلد ٹوٹ جاتے ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ عام برتن ایک خاص حد سے زیادہ درجہ حرارت برداشت نہیں کر سکتے۔آتشی مٹی کی اینٹیں ایک خاص قسم کی چکنی مٹی سے تیار کی جاتی ہیں اور دھاتیں پگھلانے والی بھٹیوں کی دیواروں پر ان کی استرکاری کی جاتی ہے۔بھٹی کے اندر درجہ حرارت اس قدر بلند ہوتا ہے کہ عام مٹی سے بنی اینٹیں اس درجہ حرارت پر پھٹ جاتی ہیں۔تکنیک کار اس قسم کی اعلیٰ درجے کی حرارت مزاحم سرامکس کو Refractories کہتے ہیں۔جیٹ انجنوں اور نیوکلیائی ری ایکٹروں میں اسی قسم کی سرامکس استعمال ہوتی ہیں۔اعلیٰ درجے کی حرارت مزاحم سرامکس 5000 درجہ سینٹی گریڈ پر بھی ٹوٹتی یا پگھلتی نہیں ہیں۔یہ درجہ حرارت سورج کی سطح کے درجہ حرارت سے تھوڑا ہی کم ہے۔اس قدر بلند درجہ حرارت کو برداشت کرنے والی سرامکس برتن بنانے والی عام مٹی سے نہیں بنائی جاتیں بلکہ خاص قسم کے مادوں مثلاً ایلومینیا یا سیلیکا سے بنائی جاتی ہیں۔جن بھٹیوں میں ان سرامکس کو حرارت دے کر پکایا جاتا ہے ان میں برقی رو سے پیدا کی گئی گرم ہوا کی دہکتی ہوئی ''قوسیں'' (Arcs) چھوڑی جاتی ہیں (ان برقی قوسوں کا درجہ حرارت اس قدر زیادہ ہوتا ہے کہ ان میں دھاتی عنصر پگھل سکتا ہے)

(ایجادات اور دریافتیں)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

پانی کا استعمال اور بچوں کی صحت

پانی ہی وہ اہم ترین ذریعہ ہے۔جس کے ذریعے بقا کے لئے درکار تمام نمکیات اور غذائیات جسم کے ہر حصے تک پہنچتے ہیں۔ہمارے جسم کا تقریباً ستر فیصد حصہ پانی پر مشتمل ہے۔اس کا اہم کام فاسد اور فاضل مادوں کو انسان کے جسم سے خارج کرنا ہے۔یاد رہے کہ جسم میں ناکافی پانی کے سبب الرجی، ذہنی افسردگی۔ہائی بلڈ پریشر (Hypertension) حتیٰ کہ مختلف طرح کے سرطان بھی ہوسکتے ہیں۔ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ بہت سے امراض کی وجہ پانی کی شدید کمی ہے۔

بچوں کو روزانہ چار پانچ گلاس (عمر کے مطابق کمی بیشی کی جاسکتی ہے) پلانا چاہئے۔تاکہ گردوں کی کارکردگی بہتر رہے اور قبض جیسی شکایات پیدا نہ ہوں۔تاہم ایک بات مدنظر رکھنی چاہئے کہ چھ ماہ سے کم عمر کا بچہ اگر مدر فیڈ لے رہا ہے تو اسے پانی پلانے کی قطعاً ضرورت نہیں ہوتی۔کیونکہ ماں کے دودھ میں 87 فیصد پانی ہوتا ہے۔چھ ماہ کے بعد تھوڑا تھوڑا پانی دے دینا چاہئے۔

انسانی دماغ کا اسی فیصد حصہ پانی پر مشتمل ہوتا ہے۔سوچنے کے عمل کے دوران ہونے والی کیمیاوی سرگرمی کا انحصار پانی کی مناسب مقدار پر ہوتا ہے۔پیاس لگنے کی صورت میں انسان کی ذہنی کارکردگی دس فیصد گر جاتی ہے۔جب سکول جانے والے بچے دن بھر میں چھ سے آٹھ گلاس پانی پیتے ہیں۔تو ان کے دماغ میں پانی کی کمی واقع نہیں ہوتی۔

ایک سکول کی اساتذہ کے مطابق جب انہوں نے بچوں کو سارا وقت پانی کی بوتلیں ساتھ رکھنے کی اجازت دی تو سکول کے نتائج انتہائی شاندار رہے۔

اگر آپ کا بچہ دن بھر پیشاب کی ضرورت محسوس نہیں کرتا تو اس کا مطلب ہے کہ وہ کافی مقدار میں پانی نہیں پی رہا ہے۔بچوں کو دودھ یا پھلوں کے رس کی بجائے پانی پلانا چاہئے کیونکہ اس سے جسم میں موجود نمک خارج ہونے میں مدد ملتی ہے جو ہماری نمک سے بھرپور غذاؤں کی وجہ سے جسم میں موجود رہتا ہے۔کم پانی پینے کی وجہ سے بچے گردوں کی بیماریوں اور بالغ افراد گردوں کی بیماریوں کے علاوہ ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہو جاتے ہیں۔بدقسمتی سے ہمارے بہت سے سکولوں خصوصاً سرکاری سکولوں میں پانی پینے کی ناکافی سہولیات میسر ہیں اور اکثر سکولوں میں تو سرے سے پینے کا صاف پانی دستیاب ہی نہیں ہے۔احباب جماعت اور بچوں خصوصاً واقفین نو بچوں کو چاہئے کہ وہ سارا سال اور خصوصاً موسم گرما میں پانی زیادہ سے زیادہ پئیں تاکہ جسم سے زیادہ نمکیات خارج ہوں۔تاہم اگر زیادہ گرمی اور پسینے کی وجہ سے نمکیات بہت زیادہ خارج ہونے کی وجہ سے Dehydration ہو تو پھر نمک ملا پانی یا نمکول کا استعمال کرنا چاہئے اور اس صورت میں ڈاکٹر سے چیک اپ بھی کروالینا چاہئے۔تا کہ پانی کی کمی سے پیدا ہونے والے مضر اثرات کا مؤثر علاج ہو سکے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو پانی کی کمی سے پیدا ہونے والے مضر اثرات سے محفوظ رکھے۔آمین

ہم خراٹے کیوں لیتے ہیں

آپ جاگتے میں بھی خراٹے لے سکتے ہیں۔ذرا منہ ڈھیلا چھوڑ دیں اور پھر منہ کھول کر زور سے سانس لیں۔اس سے آپ کے حلق کا کوا اور جھلی تھرتھرائے گی (بالکل اسی طرح جس طرح کسی کھڑکی کا پردہ ہوا سے ہلتا ہے) اور اس سے خرخر کی آواز نکلے گی۔اس کو خراٹے لینا کہتے ہیں۔جب آپ سوتے ہیں تو آپ کا منہ اور حلق ڈھیلا پڑ جاتا ہے اور گہری سانس لینے سے حلق کا کوا اور جھلی تھرتھرانے لگتی ہے۔عام طور پر چت لیٹ کر سونے سے آدمی خراٹے لیتا ہے۔اگر کروٹ بدلے یا جاگ جائے تو خراٹے بند ہو جاتے ہیں۔عورتوں کے مقابلے میں مرد زیادہ خراٹے لیتے ہیں۔معلوم نہیں اس کی کیا وجہ ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 62373 میں امان اللہ باجوہ

ولد چوہدری محمد طفیل باجوہ قوم جٹ باجوہ پیشہ زمیندارہ عمر 61 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کتھووالی ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ زرعی اراضی 6 کنال واقع کتھووالی مالیتی اندازاً -/240000 روپے۔2۔رہائشی مکان 15 مرلہ واقع کتھووالی مالیتی اندازاً -/100000 روپے۔اس وقت مجھے بصورت زمیندارہ مبلغ -/25000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد امان اللہ باجوہ گواہ شد نمبر 1 اعجاز احمد وصیت نمبر 29479 گواہ شد نمبر 2 قاسم احمد ساہی وصیت نمبر 31502

مسل نمبر 62374 میں اقبال بی بی

زوجہ مشتاق احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کتھوالی ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-7-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ طلائی زیور 4 تولے مالیتی -/60000 روپے۔2۔حق مہر -/20000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ اقبال بی بی گواہ شد نمبر 1 طاہر احمد ولد مختار احمد گواہ شد نمبر 2 امان اللہ ولد محمد طفیل

مسل نمبر 62375 میں صغیر احمد

ولد نصیر احمد قوم راجپوت پیشہ زراعت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بلوتولہ ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ ساڑھے سات ایکڑ زرعی اراضی واقع تاڑی وال / بلوتولہ ضلع سیالکوٹ اندازاً فی ایکڑ -/150000 روپے۔اس وقت مجھے بصورت زراعت مبلغ -/30000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد صغیر احمد گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد ولد محمد اشرف گواہ شد نمبر 2 عمران عارف ولد محمد عارف

مسل نمبر 62376 میں لقمان احمد

ولد محمد اشرف قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بلوتولہ ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد لقمان احمد گواہ شد نمبر 1 صغیر احمد ولد نصیر احمد گواہ شد نمبر 2 عمران عارف ولد محمد عارف

مسل نمبر 62377 میں چوہدری محمد یوسف زرگر

